لمحہ بہ لمحہ ہر خبر سے باخبر رہنے کیلئے
شہر نامہ کی ویب نیوز پر ابھی کلک کریں

قارئین اپنا پسندیدہ اخبار ''شہر نامہ''
ای پیپر اب ویب سائیٹ اور فیس بک پر بھی ملاحظہ فرمائیں
Epaper
www.dailysheharnama.com

ABC CERTIFIED
وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول و کثیر الاشاعت قومی اخبار

Daily SHEHAR NAMA Islamabad

روزنامہ شہر نامہ اسلام آباد

ایڈیٹر راجہ جاوید اختر

جوائنٹ ایڈیٹر اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر 07 | منگل 06 اکتوبر 2026ء 22 ربیع الثانی 1448ھ | صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 32

فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com

طاقتوروں کو Absolutely Not کہہ دیا، سہیل آفریدی

ہم پر جو دہشت گردی مسلط کی گئی یہ سوچے سمجھے منصوبے کے تحت مسلط کی گئی، ایک مائنڈ سیٹ خیبر پختونخوا کے ساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک کر رہا

پورے ملک میں اس موجودہ سسٹم کے خلاف نفرت دیکھ رہا ہوں، خیبر سے کراچی تک ہر شخص اسلام آباد جانا چاہتا ہے، وزیر اعلیٰ کے پی کا لانگ مارچ شرکاء سے خطاب

پشاور (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا حکومت غلط پالیسی کا حصہ نہیں بنے گی طاقتوروں کو اہبسلوٹلی ناٹ کہہ دیا، ہم پر جو دہشت گردی مسلط کی گئی یہ سوچے سمجھے منصوبے کے تحت مسلط کی گئی کرک سے روانگی کے موقع پر جیل چوک میں لانگ مارچ کے شرکاء سے خطاب میں انہوں نے کہا کہ کرک کے غیور عوام کا پورے ساؤتھ ریجن کے استقبال پر شکریہ ادا کرتا ہوں، آپ کے علم میں ہونا چاہیے ہم پر جو دہشت گردی مسلط کی گئی یہ سوچے سمجھے منصوبے کے تحت مسلط کی گئی، ایک دفعہ پھر پختونوں کا خون بہہ رہا ہے، ہم بے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 59)

مکہ دفاعی اتحاد کی اسٹریٹجک، سیاسی اور دفاعی کمیٹی کے ہنگامی اجلاس کے بعد شرکاء کا گروپ فوٹو

پیٹرول کی قیمت میں معمولی اضافہ، ڈیزل سستا ہو گیا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ردوبدل کرتے ہوئے نوٹی فکیشن جاری کر دیا رپورٹ کے مطابق اوگرا نے 6 اکتوبر کیلئے پیٹرول کی قیمت میں 88 پیسے اضافہ جبکہ ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت میں 1 روپے 88 پیسے کمی کر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

خیبر پختونخوا صورتحال، وزیر اعظم کی صدر سے ملاقات کا امکان

وزیر اعظم صوبہ میں بدامنی دیگر معاملات بارے آگاہ کرینگے، اہم فیصلے متوقع

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) ایوان صدر میں اعلیٰ سطح اجلاس منعقد ہونے کا امکان ہے جس وزیر اعظم صدر مملکت سے ملاقات کریں گے اور کے پی کے حوالے سے فیصلے کیے جائیں گے۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم خیبر پختونخوا میں دہشت گردی سمیت متعلق صدر کو آگاہ کریں گے۔ وزیر اعظم اور صدر مملکت خیبر پختونخوا کی صورتحال پر مشاورت کریں گے، وزیر اعظم اور صدر مملکت کی ملاقات میں اہم فیصلوں کا امکان ہے۔

اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف سے پولینڈ کے وزیر ملاقات کر رہے ہیں

دہشتگردی کیخلاف پالیسی بنانے سے کس نے روکا؟ خواجہ آصف

پاک فوج اور عوام پر حملوں کے خلاف کھل کر افواج کے ساتھ کھڑا ہونے کے لئے آپ کو کس پالیسی کی ضرورت ہے؟

نیشنل ایکشن پلان پر عمل سے کون سے پالیسی روک رہی ہے؟ 13 سال میں آپ نے کون سے عملی اقدامات کیے؟ بیان

صوابی، وزیر اعلیٰ کے پی سہیل آفریدی لانگ مارچ کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

اسلام آباد (آئی این پی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے پاکستان تحریک انصاف سے 8 سوالات کے جواب مانگ لئے۔ خواجہ آصف نے ایکس پر جاری بیان میں کہا کہ تحریک انصاف کی یہ دلیل مسلسل سننے کو ملی کہ ہمیں دہشت گردی کے خلاف پالیسی بنانے نہیں دی گئی، اس جھوٹے دعوے پر میرے تحریک انصاف سے 8 بنیادی سوالات ہیں۔ خواجہ آصف نے پہلا سوال کیا کہ گزشتہ 13 سال سے خیبر پختونخوا میں آپ کی حکومت رہی، وفاق میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

یمنی مسلح افواج کے حوثیوں کے زیر کنٹرول علاقوں پر نئے حملے

صنعا، ریاض (آئی این پی) یمنی مسلح افواج کے ترجمان میجر جنرل ماجد عبداللہ النزیلی نے کہا ہے کہ یمنی مسلح افواج نے حوثیوں کے زیر کنٹرول علاقوں میں 1122 نئے حملے کئے جن میں 1747 حوثی جنگجو ہلاک ہو گئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

حملے کا خدشہ، امریکا نے بی ون بمبار طیارے واپس بلا لیے

لندن (صباح نیوز) امریکا نے برطانوی فوجی اڈے پر حملے کے خدشے کے پیش نظر برطانیہ کے فیئرفورڈ ائیر بیس سے بی ون بمبار طیارے واپس بلا لیے۔ امریکی محکمہ دفاع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

اسلام آباد کا مکہ دفاعی معاہدہ

پاکستان، ترکیہ کا سعودی عرب میں فوجی دستوں کی تعیناتی کا فیصلہ

دفاعی اقدامات منظور شدہ طریقہ کار اور فریقین کے قومی قوانین کے مطابق ہوں گے، اقدامات سے تیاری، عسکری انضمام اور خطرات کا مقابلہ کرنے کی اجتماعی صلاحیت میں اضافہ ہوگا

طے شدہ فوجی دستے اور مطلوبہ صلاحیتیں فراہم کرنے اور انہیں سعودی عرب میں تیزی سے تعینات کرنے کے لیے ضروری اقدامات کیے جائیں گے، ہنگامی اجلاس کا اعلامیہ جاری

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) مکہ دفاعی اتحاد کی اسٹریٹجک، سیاسی اور دفاعی کمیٹی کے ہنگامی اجلاس کے بعد مشترکہ بیان جاری کر دیا گیا جس کے تحت اتحادی ممالک نے سعودی عرب میں فوجی تعینات کرنے، قوت اور صلاحیتیں فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق دفتر خارجہ نے مکہ دفاعی اتحاد کی اسٹریٹجک، سیاسی اور دفاعی کمیٹی کے اجلاس کا مشترکہ اعلامیہ جاری کر دیا۔ اعلامیے کے مطابق سعودی عرب کو درپیش سیکیورٹی صورتحال اور خطرات سے نمٹنے کے لیے ہنگامی اجلاس ہوا جس میں سعودی عرب، پاکستان اور جمہوریہ ترکیہ کے حکام نے شرکت کی اعلامیے کے مطابق مکہ دفاعی اتحاد کی اسٹریٹجک، سیاسی اور دفاعی کمیٹی نے سیکریٹری جنرل کی تقرری پر اتفاق اور نعمان محمود کو ذمہ داری ملنے کا خیر مقدم کیا جبکہ ذمہ داریوں کی ادائیگی میں کامیابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ فریقین نے اتحاد کو آگے بڑھانے اور مقاصد کے حصول میں سیکرٹری جنرل کے کردار پر اعتماد کا اظہار کیا جبکہ مکہ اور مدینہ کو نشانہ بنانے کی کوششوں اور سعودی شہری و اقتصادی تنصیبات پر حملوں کی مذمت کی۔ اعلامیے کے مطابق فریقین نے سعودی عرب کی سلامتی اور علاقائی سالمیت کے خلاف کسی بھی حملے یا خطرے کو دوٹوک انداز میں مسترد کرنے کے دفاع کے عزم کا اعادہ کیا جبکہ پاکستان اور ترکی نے سعودی مسلح افواج کی مستعدی اور تیاری اور پیشہ ورانہ مہارت کو سراہا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق کمیٹی میں اجلاس سے قبل سیاسی اور عسکری مشاورت کے نتائج کا جائزہ جبکہ پیش کردہ سفارشات کی منظوری لی گئی۔ اجلاس کے مشترکہ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)

اسلام آباد کا نام ہو چکا تو تھر والوں کو موقع دیں مزید صوبے حل نہیں، بلاول بھٹو

کچھ عناصر تھر کی ترقی ہضم نہیں کر پا رہے، وہ کراچی میں نفرت کی سیاست کو فروغ دے رہے ہیں، ناکام ہونگے، چیئرمین پی پی

اسلام آباد کے ماہرین ماضی میں تھر کے کوئلے کو بے کار قرار دیتے تھے، سندھ میں صیہونی طرز کی سیاست کامیاب نہیں ہوگی، خطاب

کراچی (نمائندہ خصوصی) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ سسٹم ناکام ہو گیا اور نئے صوبوں کی منطق سمجھ نہیں آتی، اسلام آباد ناکام ہو چکا ہے تو تھر کے حوالے کر دیں۔ تھر کول فیز تھری کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اسلام آباد کے ماہرین ماضی میں تھر کے کوئلے کو بے کار قرار دیتے تھے، مگر آج اسی کوئلے سے 2 ہزار میگاواٹ بجلی پیدا ہو رہی ہے۔ یہ کامیابی تھر کی ترقی اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

قرض میں 10 سال کے دوران 340 فیصد کا تاریخی اضافہ

جون 2026 تک مجموعی حجم 86 ہزار 700 ارب روپے ہو گیا، رپورٹ وزارت خزانہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کے سرکاری قرضوں میں 10 سال کے دوران 340 فیصد کا تاریخی اضافہ ہوا، جون 2016 سے جون 2026 تک سرکاری قرضوں میں 67 ہزار ارب روپے کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ وفاقی وزارت خزانہ کی رپورٹ کے مطابق جون 2026 تک سرکاری قرضوں کا مجموعی حجم 86 ہزار 700 ارب روپے ہو گیا، جس میں 59 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

اسلام آباد، پارلیمانی سیکرٹری بیرسٹر دانیال اور وزیر اعظم کے کوارڈینیٹر اختیار ولی پریس کانفرنس کر رہے ہیں

آئی جی اسلام آباد نے 29 کنٹریکٹ ملازمین کے معاہدے ختم کر دیئے

3 لا افسران، 4 سابق ایس ایس پیز اور 3 سابق ڈی ایس پیز بھی شامل

اسلام آباد (آئی این پی) آئی جی اسلام آباد پولیس سہیل چوہدری نے کنٹریکٹ پر تعینات ملازمین کے حوالے سے فیصلہ کرتے ہوئے پولیس سمیت مختلف شعبوں میں خدمات انجام دینے والے تمام 29 کنٹریکٹ ملازمین کے معاہدے ختم کر دیئے۔ رپورٹ کے مطابق کنٹریکٹ پر سابق پولیس اہلکار اور افسران بھی مختلف عہدوں پر خدمات انجام دے رہے تھے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

صدر نے صوبے کی صورتحال سے متعلق رپورٹ نہیں مانگی، کنڈی

صدر نے جیسے ہی رپورٹ مانگی تو تیار کر کے سفارشات سمیت بھیج دوں گا

اسلام آباد (آئی این پی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ صدر آصف زرداری نے تاحال صوبے میں امن و امان کی صورتحال سے متعلق رپورٹ نہیں مانگی۔ ایک انٹرویو میں گورنر کے پی نے کہا کہ صدر نے جیسے ہی رپورٹ مانگی تو تیار کر کے سفارشات سمیت بھیج دوں گا، صوبے میں امن و امان کی صورتحال ٹھیک نہیں ہے، کے پی حکومت امن و امان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

اسلام آباد، وفاقی وزیر احد چیمہ چاول کی پیداوار بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سیکریٹری جنرل UN آج پاکستان کا دورہ کرینگے

انتونیو گوتریس صدر، وزیر اعظم، فیلڈ مارشل سے ملاقاتیں کریں گے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس آج (منگل کو) پاکستان کا سرکاری دورہ کریں گے۔ سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار کی دعوت پر پاکستان کا دورہ کر رہے ہیں، دورے کے دوران وہ صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم شہباز شریف، چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر سمیت دیگر اہم شخصیات سے ملاقاتیں کریں گے۔ انتونیو گوتریس بھارت و پاکستان میں اقوام متحدہ کے فوجی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

بچوں کے سکرین ٹائم پر نظر رکھیں، پی ٹی اے

موبائل، لیپ ٹاپ اور ٹیبلٹ کا استعمال بڑوں کی نگرانی میں کرانے پر زور

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے بچوں کو آن لائن خطرات سے محفوظ رکھنے کے لیے والدین کو ایک بار پھر اہم ہدایات جاری کرتے ہوئے روزانہ اسکرین ٹائم محدود رکھنے اور بچوں کی ڈیجیٹل سرگرمیوں پر نظر رکھنے پر زور دیا ہے۔ پی ٹی اے کی جانب سے جاری ہدایات کا مقصد بچوں کو انٹرنیٹ کے منفی اثرات سے محفوظ رکھنے اور ان کے لیے ایک محفوظ ڈیجیٹل ماحول فراہم کرنا ہے۔ اتھارٹی نے والدین پر زور دیا کہ بچوں کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

مذاکرات کی ناکامی بڑی بدقسمتی ہے، سعد رفیق

لانگ مارچ کی تاریخ کوئی آسمانی صحیفہ نہیں، معاہدہ ہونے دیں، بیان

لاہور (صباح نیوز) مسلم لیگ (ن) کے رہنما اور سابق وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ حکومت اور اپوزیشن کے مابین مذاکرات کی ناکامی بڑی بدقسمتی ہے۔ ایکس پر بیان میں سعد رفیق نے کہا کہ ہماری اطلاع کے مطابق حکومتی ٹیم ماضی کے برعکس اسٹیک ہولڈرز کی جانب سے دیے گئے پورے مینڈیٹ کے ساتھ بیٹھی تھی، اپوزیشن کی ٹیم کا رویہ بھی مثبت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

پی ٹی آئی لانگ مارچ کے خلاف تاجروں کا احتجاج

راستے بند ہونے سے کاروبار تباہ ہو گئے، تاجر، پختونخوا حکومت مردہ باد کے نعرے

پشاور (آئی این پی) پی ٹی آئی لانگ مارچ کے خلاف اسمبلی چوک پشاور میں تاجروں نے احتجاج کرتے ہوئے سڑک پر ٹائر جلا دیے، مظاہرین نے خیبر روڈ کو ٹریفک کے لیے بند کر دیا جس کے باعث گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں۔ احتجاج کرنے والے افراد شریک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34) والے تاجروں نے ہاتھوں میں کالے رنگ کے جھنڈے اٹھا رکھے ہیں، مختلف تاجروں کے وفود نے احتجاج میں شرکت کی۔ احتجاج میں مختلف اقلیتی افراد، سیاستدان اور دیگر مکاتب فکر سے تعلق رکھنے

بلدیاتی انتخابات: الیکشن کمیشن کا حتمی فیصلہ نہ ہو سکا

حکومتوں سے ضروری اقدامات مکمل کرنے کی درخواست، فوری ردعمل طلب

اسلام آباد (صباح نیوز) الیکشن کمیشن نے صوبوں، وفاقی دارالحکومت اسلام آباد اور کنٹونمنٹس میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد اور تیاریوں کا جائزہ لیتے ہوئے انتخابات کے حوالے سے کوئی حتمی فیصلہ نہیں کیا، تاہم متعلقہ وفاقی اور صوبائی حکومتوں سے ضروری قانونی و انتظامی اقدامات جلد مکمل کرنے کی درخواست کر دی۔ ترجمان کے مطابق چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

7 اکتوبر کے حملے ہماری ناکامی تھے سبق سیکھنا ہوگا، سربراہ اسرائیلی فوج

تل ابیب (صباح نیوز) اسرائیلی فوج کے سربراہ لیفٹیننٹ جنرل ایال زامیر نے 7 اکتوبر 2023ء کے حملے ہماری ناکامی تھے، فوج کو ان ناکامیوں سے سبق سیکھنا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)



کراچی، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن پریس کانفرنس کر رہے ہیں

امریکی افواج پیچھے ہٹ گئی ہیں، پاسداران

امریکا افغانستان اور عراق میں ناکام رہا اور ایک بار پھر ناکام ہوگا، انٹرویو

تہران (صباح نیوز) ایرانی پاسداران انقلاب کے سینئر کمانڈر ریئر ایڈمرل علی فدوی نے کہا ہے کہ امریکی افواج ایران کی سرحدوں سے 1 ہزار کلو میٹر دور پیچھے ہٹ گئی ہیں، امریکی جنگی جہاز پاسداران انقلاب کے مکمل نشانے پر ہیں۔ ٹی وی انٹرویو میں علی فدوی نے کہا کہ امریکی فوج نے اپنی مرضی سے نہیں بلکہ اسلامی جمہوریہ ایران اور پاسداران انقلاب کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

سینیٹ میں قبل از وقت عام انتخابات کا اعلان

میڈرڈ (آئی این پی) سینیٹ میں کرایوں میں اضافے کے خلاف احتجاج نے وزیر اعظم پیدرو سانچیز کو قبل از وقت انتخابات پر مجبور کر دیا۔ عالمی میڈیا رپورٹس کے مطابق کرایوں میں اضافے اور بیدخلی کیخلاف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

PTI لانگ مارچ میں سرکاری وسائل کا استعمال، خارجی دہشتگرد مسلح افراد موجود

مسلح شخص کی شناخت خارجی گل بہادر گروپ کے اہلکار خارجی شہید اللہ عرف غازی کے طور پر کی گئی، انٹیلیجنس ذرائع کی تصدیق

اسلام آباد ہائیکورٹ نے 18 ستمبر کو پی ٹی آئی لانگ مارچ سے متعلق 37 صفحات پر مشتمل تفصیلی فیصلہ جاری کیا تھا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پی ٹی آئی کے لانگ مارچ میں سرکاری وسائل کے استعمال، مسلح عناصر کی موجودگی اور عدالتی فیصلے کی مبینہ خلاف ورزی کا معاملہ سامنے آ گیا، جس پر مختلف سوالات اٹھنے لگے ہیں۔ گزشتہ روز، زیر اعلیٰ خیبر پختونخوا اسلام آباد ہائیکورٹ کے احکامات کو پس پشت ڈال کر سرکاری ٹیبل کا پٹرہ پر لانگ مارچ کے لیے لگی مروت پہنچے تھے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے 18 ستمبر کو پی ٹی آئی لانگ مارچ سے متعلق 37 صفحات پر مشتمل تفصیلی فیصلہ جاری کیا تھا جس میں صوبائی حکومتوں، بشمول وزرائے اعلیٰ کو سیاسی مارچ یا احتجاج کے لیے سرکاری وسائل کا استعمال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

اسلام آباد، وفاقی وزراء، ریاض پیرزادہ، مصدق ملک نیشنل ہاؤسنگ پالیسی کی افتتاحی تقریب میں موجود ہیں

افغانستان کی چین تک رسائی، واخان شاہراہ کا افتتاح

121 کلومیٹر سڑک مکمل، کابل کو تجارت، ٹرانزٹ کی امید، چین تاحال محتاط

کابل (صباح نیوز) افغان حکومت نے ملک کے شمال مشرقی صوبے بدخشان میں چین کی سرحد تک جانے والی واخان راہداری شاہراہ کا افتتاح کر دیا، جسے افغانستان اور چین کے درمیان مستقبل میں براہِ راست تجارتی و ٹرانزٹ رابطے کے لیے اہم منصوبہ قرار دیا جا رہا ہے۔ افغان وزارت دیہی بحالی و ترقی کے مطابق بروہل سے چین کی سرحد تک 121 کلومیٹر طویل بجری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

بھارتی افسر کی اہلیہ سے رینجرز اہلکار کا شائستہ رویہ، سوشل میڈیا پر پذیرائی

اسلام آباد (ے ایم ایس) اٹاری واہگہ سرحد پر پاکستانی رینجرز اہلکار اور بھارتی فوجی افسر کی اہلیہ کے درمیان مختصر مگر قابلِ ذکر ملاقات نے بھارتی میڈیا اور سوشل میڈیا پر خاصی توجہ حاصل کی ہے، جہاں ناظرین نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

ایشین گیمز 2026 رنگا رنگ تقریب کیساتھ اختتام پذیر

چین بازی لے گیا، پاکستان نے 10 میڈلز کے ساتھ 29 ویں پوزیشن حاصل کی

ناگویا: (پی این پی) جاپان کے شہر ناگویا ایشین گیمز 2026 رنگا رنگ تقریب کے ساتھ اختتام پذیر ہو گئے۔ 20 ویں ایشین گیمز میں چینی ٹیم نے مجموعی طور پر 169 طلائی، 89 چاندی اور 83 کانسی کے تمغے حاصل کیے۔ مجموعی طور پر 341 تمغوں کے ساتھ چینی ٹیم طلائی اور مجموعی تمغوں کی فہرست میں پہلے نمبر پر رہی اور غیر ملکی سرزمین پر ایشین گیمز میں اپنی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

پاکستان کی کوئی جامعہ ٹاپ 400 میں شامل نہ ہو سکی

اسلام آباد (آئی این پی) ٹائمز ہائر ایجوکیشن (ٹی ایچ ای) کی عالمی جامعات کی 2027 کی درجہ بندی میں پاکستان کی کوئی جامعہ دنیا کی ٹاپ 400 جامعات میں جگہ نہیں بنا سکی۔ ملک کی دو سب سے بڑی جامعات جامعہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

KP حکومت خود صوبے میں آئینی اقدام اٹھانے پر مجبور کر رہی ہے، عظمیٰ بخاری

فیڈریشن کے خلاف ہرزہ سرائی کیلئے سرکاری ہیلی کاپٹر کا استعمال عدالتی حکم کی کھلی خلاف ورزی ہے

13 سال سے خیبر پختونخوا کی قسمت میں دھرنے، جلسے، ریلیاں اور لانگ مارچ ہی ہیں، وزیر اطلاعات پنجاب

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا حکومت خود صوبے میں آئینی اقدام اٹھانے پر مجبور کر رہی ہے۔ اپنے بیان میں صوبائی وزیر عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا دہشت گردی کی زد میں ہے اور صوبے کا وزیر اعلیٰ کنٹینر پر چڑھا ہے، 13 سال سے خیبر پختونخوا کی قسمت میں دھرنے، جلسے، ریلیاں اور لانگ مارچ ہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب صوبے میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل پاک ایران جوائنٹ چیمبر آف کامرس میں خطاب کر رہے ہیں

جے یو آئی کا 15 اکتوبر کو حکومت مخالف جلسے کا اعلان

ملتان میں فضل الرحمان احتجاجی تحریک کے اگلے مرحلے کا اعلان کرینگے، ترجمان

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) جے یو آئی نے 15 اکتوبر کو ملتان میں حکومت مخالف جلسے کا اعلان کر دیا اور کہا ہے کہ یہ جلسہ جنوبی پنجاب کی سیاسی سمت کا تعین کرے گا اور مولانا فضل الرحمان احتجاجی تحریک کے اگلے مرحلے کا اعلان کریں گے۔ جمعیت علمائے اسلام (ف) کے ترجمان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

جوڈیشل کمپلیکس حملہ، عمران خان کو پیش کرنے کا حکم

عدالت نے فرح حبیب، حماد اظہر، مراد سعید اور شبلی فراز کو اشتہاری قرار دیدیا

اسلام آباد (صباح نیوز) انسداد دہشت گردی عدالت نے عمران خان کو آئندہ سماعت پر پیش کرنے کا حکم دے دیا، سماعت 5 نومبر تک ملتوی کر دی گئی۔ پیر کو انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد نے بانی پی ٹی آئی اور دیگر کے خلاف جوڈیشل کمپلیکس حملہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

اسلام آباد، وزیر اطلاعات عطا تارڑ سے ملاقات کے بعد سی پی این ای کے وفد کے اراکین کا ہمراہ گروپ فوٹو، پی آئی اور ئیسہ عادل بھی موجود ہیں

ماسکو میں حکومت مخالف مظاہروں کے دوران 60 افراد گرفتار

ماسکو (آئی این پی) روس کے دارالحکومت ماسکو میں حکومت کے خلاف تنقیدی مظاہرے کے سلسلے میں تقریباً 60 مظاہرین کو گرفتار کر لیا گیا۔ عالمی میڈیا رپورٹس کے مطابق مظاہرے کا اہتمام کمیونسٹ پارٹی آف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

یمن میں جنگ کا نیا مرحلہ، فجر الیمن آپریشن شروع

100 جنگی طیاروں کی کارروائی میں شرکت، 324 اہداف تباہ کرنے کا دعویٰ

صنعا (صباح نیوز) یمن کی حکومت کے صدر رشاد محمد العلیمی نے ملک میں 'فجر الیمن' کے نام سے فوجی آپریشن شروع کرنے کا اعلان کیا ہے، جس کا مقصد ریاستی اداروں کی بحالی، دارالحکومت صنعا کو حوثیوں کے قبضے سے آزاد کرانا اور حوثی بغاوت کا خاتمہ قرار دیا گیا ہے۔ رشاد محمد العلیمی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان میں کہا کہ یمنی عوام کے عزم، مسلح (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

روزنامہ شہر نامہ اسلام آباد
Daily SHEHAR NAMA Islamabad

ایڈیٹوریل

فون: 0333-5196088
0344-5335568
Email:sheharnama@gmail.com

پبلشر عائشہ تنویر نے روہانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد
آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

ایک میز پر بیٹھ جائیں!

قومی اسمبلی کے سپیکر سردار ایاز صادق کی زیر صدارت پارلیمنٹ ہاؤس میں حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات کا دوسرا طویل دور بغیر کسی نتیجے کے ختم ہو گیا۔ دوسرے روز ابتداء میں اطلاعات سامنے آئی تھیں کہ فریقین بانی پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) عمران خان سے ملاقات، لانگ مارچ کی منسوخی اور دیگر بنیادی مطالبات پر ابتدائی اتفاق رائے تک پہنچ گئے ہیں اور مشترکہ اعلامیے کے مسودے پر دستخط بھی متوقع ہیں لیکن خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کے خلاف وفاق کے ساتھ تعاون کے معاملے پر ڈیڈ لاک برقرار رہا۔ اسی وجہ سے مذاکرات نتیجہ خیز نہ ہو سکے۔ مذاکرات کا یہ دور گلے شکووں کے ساتھ شروع ہوا، حکومتی وفد نے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کے جاری کردہ لانگ مارچ کے ٹویٹ اور سینئر حکومتی اکابرین کے خلاف مبینہ نازیبا زبان استعمال کرنے پر سخت تحفظات کا اظہار کیا۔ اِس دوران ہی دہشت گردی سے متعلق وزیر اعلیٰ کے پی کا موقف سامنے آ گیا جس میں انہوں نے کہا تھا کہ صوبے میں وفاق کی نہیں بلکہ عمران خان کی پالیسی چلے گی جس میں ملک و قوم کی بھلائی ہے۔ اپوزیشن نے وزیر دفاع خواجہ آصف کے بیانات اور سوشل میڈیا پوسٹوں کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ مذاکرات کو آگے بڑھانے کیلئے باہمی اعتماد کی فضاء بحال کرنا ہوگی جبکہ پیپلز پارٹی کی طرف سے مذاکرات کی کامیابی کیلئے لانگ مارچ کو غیر مشروط طور پر ختم کرنے پر اصرار کیا گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پی ٹی آئی اور حکومتی مذاکرات کاروں کے درمیان معاملات مشترکہ اعلامیے کے حتمی مسودے پر دستخط تک پہنچ چکے تھے اور مسودہ وزیر اعظم ہاؤس بھیج دیا گیا تھا۔ میڈیا ذرائع کا دعویٰ تھا کہ اِس میں پی ٹی آئی کی صوبائی حکومت کی جانب سے دہشت گردی کیخلاف وفاق کی کوششوں اور پالیسیوں کی بھرپور حمایت، سکیورٹی معاملات کو سیاسی تنازعات سے دور رکھنے اور بانی پی ٹی آئی کی رہائی کیلئے عدالتی راستہ اختیار کرنے کے نکات شامل تھے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے لاہور میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ کے پی نے مذاکرات کو سبوتاژ کرنیکی کوشش کی، اپوزیشن کے وفد نے بہت شاندار طریقے سے مذاکرات کیے، سب طے ہو گیا تھا اور معاہدہ بھی تیار ہو گیا تھا جس کی کاپی لیکر وہ صدر صاحب کے پاس گئے اور جب واپس آئے تو معلوم ہوا کہ کے پی حکومت نے مذاکرات کو ویٹو کر دیا ہے۔ اُن کا کہنا تھا کہ دھرنے کیلئے اکٹھے ہونے والوں کا مکمل ٹرائل کیا جائے گا، اسلام آباد پر چڑھائی کی اجازت کسی صورت نہیں دی جائیگی۔

میڈیا اطلاعات کے مطابق سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر اور پی ٹی آئی کی مذاکراتی کمیٹی کے سربراہ راجہ ناصر عباس نے اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی سے ٹیلی فونک رابطہ کر کے معاہدے کی تفصیلات سے آگاہ کیا جس پر اچکزئی نے کہا کہ حکومت کے سامنے بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کا مطالبہ رکھا جائے اور اگر وہ حامی نہ بھرے تو مزید بات چیت نہ کی جائے۔ اِس کے بعد حکومتی اور اپوزیشن حلقوں میں کشیدگی دوبارہ بڑھ گئی اور پھر دہشت گردی کے معاملے پر اتفاقِ رائے نہ ہونے کے باعث تمام تر کوششوں کے باوجود فریقین کسی متفقہ نکتے پر پہنچنے میں ناکام رہے جس کے نتیجے میں مذاکرات کا یہ طویل اور اہم دور بغیر کسی حتمی معاہدے کے ختم ہو گیا۔ پی ٹی آئی کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ کا کہنا تھا کہ حکومت اپنی تجاویز کو زبردستی منوانا چاہتی تھی جبکہ اپوزیشن کا وفد اپنے اصولی موقف پر ڈٹا رہا کہ خیبر پختونخوا میں انسدادِ دہشت گردی کی کارروائیاں وفاقی اور صوبائی حکومت کے درمیان ہونے والے معاہدے کی بنیاد پر ہوں اور معاہدہ کے پی اسمبلی میں موجود سیاسی جماعتوں کی مشاورت سے طے کیا جائے۔ حکومتی وفد نے اپوزیشن کا موقف مسترد کر دیا۔ دوسری طرف وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے اتوار سے اسلام آباد کی طرف لانگ مارچ شروع کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ پہلے مرحلے کا آغاز غنڈی چوک لکی مروت سے ہوگا، مختلف اضلاع سے عوام مارچ میں شامل ہوں گے اور پھر قافلہ کرک، کوہاٹ، پشاور اور چارسدہ سے ہوتا ہوا آگے بڑھے گا اور پھر کوہاٹ کے قریب قیام پذیر ہوگا۔ کوہاٹ سے لانگ مارچ پشاور اور پھر خیبر آباد پہنچے گا جہاں آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کیا جائے گا۔

اِس وقت خیبر پختونخوا دہشت گردی کی لپیٹ میں ہے اور اِس کے اثرات پورے ملک میں محسوس کیے جا رہے ہیں۔ ایسے حالات میں سیاسی اختلافات کو قومی سلامتی کے تقاضوں پر حاوی نہیں ہونا چاہئے۔ سیاسی مسئلہ کتنا ہی پیچیدہ کیوں نہ ہو، اُسے حل کرنے کا بہترین راستہ مذاکرات ہی ہیں۔ پاکستان کی تاریخ ایسے تلخ واقعات سے بھری پڑی ہے جب سیاسی رویوں میں بے لچکی اور شدت نے جمہوری عمل کو شدید نقصان پہنچایا۔ اہلِ سیاست کو ماضی سے سبق سیکھنا چاہئے۔ اختلافِ رائے سیاست کا ناگزیر حصہ ہے، لیکن ملکی مفاد سے بڑھ کر نہیں۔ مذاکرات کا ایک اور دور نتیجہ خیز نہیں ہو سکا تو کوئی بات نہیں لیکن اِس کی وجہ سے بات چیت کا دروازہ بند نہیں ہونا چاہئے۔ حکومت اور اپوزیشن ایک دوسرے کے مطالبات اور تحفظات کی روشنی میں اپنے اپنے مؤقف پر نظرِ ثانی کر لے، جہاں لچک کی گنجائش ہے وہاں راستہ نکال لیں اور دوبارہ ایک میز پر بیٹھ جائیں۔ مسائل حل کرنے کے لئے ضروری ہے کہ مذاکرات کا سلسلہ چلتا رہے اور فریقین کسی مشترکہ حل تک پہنچنے کی کوشش کریں۔

کامیابی مذاکرات سے ممکن!

سیاست میں مذاکرات کی کامیابی کا انحصار اس بات پر ہوتا ہے کہ فریقین لچک دکھانے اور وعدوں پر قائم رہنے کے لیے تیار ہوں۔ اگر ایک فریق چار مطالبات تسلیم ہونے کے بعد بھی کسی اندرونی دباؤ کے تحت اپنے فیصلے سے پیچھے ہٹ جائے تو اس سے یہ تاثر پختہ ہوتا ہے کہ اصل مقصد مسائل کا حل نہیں بلکہ سیاسی دباؤ برقرار رکھنا ہے۔ مذاکرات کی میز پر آنا اور پھر مسائل کو حل کیے بغیر اٹھ کر چلے جانا سیاسی قیادت کی فکری و ذہنی بلوغت پر سوالیہ نشان ہے۔ جمہوری معاشروں میں فیصلے سیاسی جماعتوں کی اجتماعی دانش اور قومی مفاد کی بنیاد پر ہوتے ہیں، کسی ایک شخصیت یا قیادت کے کسی ایک دھڑے کے دباؤ پر نہیں۔ پی ٹی آئی کی مرکزی قیادت کو سوچنا ہوگا کہ وہ اپنی پالیسی خود طے کر رہی ہے یا حالات اور دباؤ اس کے فیصلوں کی بنیاد بن رہے ہیں۔

اس سلسلے میں یہ حقیقت بھی نظر انداز نہیں کی جا سکتی کہ پی ٹی آئی کو خیبر پختونخوا میں عوام نے مسلسل تیسری بار حکومت سازی کا مینڈیٹ دیا ہے۔ یہ مینڈیٹ کوئی معمولی چیز نہیں بلکہ خیبر پختونخوا کے عوام کی امانت ہے۔ صوبے کے عوام نے اس امید پر پی ٹی آئی کو ووٹ دیا کہ ان کے مسائل حل ہوں گے، امن و امان کی صورتحال میں بہتری آئے گی، تعلیم اور صحت کی سہولتیں ملیں گی اور روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔ انھوں نے اس لیے ووٹ نہیں دیا تھا کہ ان کے منتخب نمائندے اسلام آباد کی طرف مارچ کی کال دیں یا صوبے کے عوام کو بے یار و مددگار چھوڑ کر دھرنوں میں مصروف رہیں اور صوبے کے وسائل اور انتظامی توانائیاں سیاسی احتجاج کی نذر ہو جائیں۔ صوبے کی حکمرانی اگر صوبے کے عوام کے مسائل کے حل کی بجائے مسلسل سڑکوں پر اپنی سیاسی طاقت دکھانے کے لیے استعمال کی جا رہی ہے تو اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ پی ٹی آئی کی ترجیحات کیا ہیں۔ پی ٹی آئی کی قیادت کو یہ سمجھنا ہو گا کہ احتجاجی سیاست کی بھی ایک حد ہوتی ہے۔ احتجاج جمہوری حق ہے اور اس سے کوئی انکار نہیں کر سکتا مگر جب یہی احتجاج مستقل حکمتِ عملی بن جائے اور ہر چند ماہ بعد ایک نئے مارچ، دھرنے یا جلسے کا اعلان ہو تو اس کا اثر زائل ہو جاتا ہے۔ عوام کی ہمدردیاں اسی وقت ساتھ ہوتی ہیں جب انھیں یقین ہو کہ احتجاج کسی واضح اور قابلِ حصول مقصد کے لیے ہے۔ بار بار کے احتجاج سے کاروبار متاثر ہوتا ہے، سڑکیں بند ہوتی ہیں، تعلیمی ادارے اور دفاتر بند ہوتے ہیں اور ملک کی معیشت کو نقصان پہنچتا ہے۔ اس کی قیمت بالآخر وہی عام آدمی ادا کرتا ہے جس کے نام پر یہ سیاست کی جاتی ہے۔

خیبر پختونخوا کے مسائل کسی سے ڈھکے چھپے نہیں۔ صوبہ مسلسل دہشت گردی کی لہر کا سامنا کر رہا ہے، قبائلی اضلاع کے عوام اب بھی بنیادی سہولتوں سے محروم ہیں، بے روزگاری میں اضافہ ہو رہا ہے اور مہنگائی نے عام آدمی کی کمر توڑ رکھی ہے۔ سرکاری ہسپتالوں میں سہولتوں کا فقدان ہے، تعلیمی اداروں کی حالت ابتر ہے اور بنیادی ڈھانچا توجہ کا طالب ہے۔ ایسے میں صوبائی حکومت کا اولین فرض یہ بنتا ہے کہ وہ اپنی تمام تر صلاحیتیں ان مسائل کے حل پر صرف کرے۔ عوام کو اس سے غرض نہیں کہ اسلام آباد میں کس کی حکومت ہے اور کون اپوزیشن میں ہے، انھیں اپنے گھر کے چولھے، بچوں کی تعلیم اور علاج کی فکر ہے۔ یہاں ہمیں ملکی معیشت کے نازک مرحلے کو بھی پیشِ نظر رکھنا ہوگا۔ ملک کو بیرونی سرمایہ کاری کی ضرورت ہے اور سرمایہ کار ہمیشہ اسی ملک کا رخ کرتے ہیں جہاں سیاسی استحکام اور پالیسیوں میں تسلسل ہو۔ جب دنیا یہ دیکھتی ہے کہ ہماری سیاسی جماعتیں مسلسل ایک دوسرے کے مقابل صف آرا ہیں اور ہر چند ماہ بعد دارالحکومت کی طرف مارچ کی خبریں آتی ہیں تو اس سے ملک کی ساکھ متاثر ہوتی ہے۔ سیاسی انتشار کا سب سے بڑا نقصان معیشت کو ہوتا ہے اور معیشت کی کمزوری کا اثر ہر گھر پر پڑتا ہے۔ اس لیے سیاسی قیادت کو چاہیے کہ وہ وقتی سیاسی فائدے کی بجائے ملک کے وسیع اور طویل مدتی مفادات کو ترجیح دے۔

تصویر کا دوسرا رخ یہ ہے کہ موجودہ صورتحال کی ساری ذمہ داری صرف اپوزیشن پر عائد نہیں ہوتی، حکومت بھی اتنی ہی بلکہ زیادہ ذمہ دار ہے۔ حکومت کے پاس وسائل اور اختیارات ہوتے ہیں اس لیے مفاہمت اور رواداری کا ماحول پیدا کرنے کی پہلی ذمہ داری اسی کی ہے۔ حکومت اگر واقعی مذاکرات کے لیے سنجیدہ ہے تو اسے اپنے وعدوں پر عمل کر کے دکھانا ہوگا، سیاسی مخالفین کے ساتھ رویے میں نرمی پیدا کرنا ہو گی اور ایسے اقدامات سے گریز کرنا ہوگا جو بد اعتمادی کو بڑھاوا دیتے ہیں۔ سیاسی کارکنوں کے خلاف مقدمات اور گرفتاریوں کا سلسلہ مکالمے کی راہ میں بڑی رکاوٹ بنتا ہے۔ اگر حکومت چاہتی ہے کہ اپوزیشن آئینی دائرے میں رہے تو اسے بھی آئین اور قانون کی پاسداری کا عملی نمونہ پیش کرنا ہوگا۔

یہاں ایک قابلِ ذکر نکتہ یہ بھی ہے کہ حکومتی حلقوں کی طرف سے یہ بات بارہا کہی جاتی ہے کہ سیاسی مخالفین کی منفی سرگرمیوں کے باعث انھیں عوامی مسائل کے حل کے لیے یکسوئی نہیں مل سکی۔ اس دلیل میں کسی حد تک وزن ہو سکتا ہے مگر یہ بھی حقیقت ہے کہ عوام کو اس سے غرض نہیں کہ رکاوٹ کس نے ڈالی وہ نتائج دیکھنا چاہتے ہیں۔ بجلی اور گیس کے بل، پٹرول کی قیمتیں، آٹے اور چینی کے نرخ اور بے روزگاری وہ مسائل ہیں جن کا جواب حکومت کو دینا ہے۔ اسی لیے اگر پی ٹی آئی احتجاجی سیاست ترک کر کے خیبر پختونخوا کے مسائل پر توجہ دے تو وفاقی حکومت کے پاس بھی کوئی بہانہ باقی نہیں رہے گا۔ پھر اسے اپنی کارکردگی کے ذریعے ثابت کرنا ہوگا کہ وہ عوام کی توقعات پر پورا اترنے کی اہلیت رکھتی ہے۔

اسی طرح سہیل آفریدی کو بھی یہ احساس ہونا چاہیے کہ وہ اپنی جماعت کے رہنما ہونے کے ساتھ پورے صوبے کے عوام کے نمائندے بھی ہیں۔ ان کا منصب ان سے تقاضا کرتا ہے کہ وہ اپنی سیاسی وابستگی سے بالاتر ہو کر صوبے کے مفاد میں فیصلے کریں۔ وہ پارٹی کے اندر اپنا اثر و رسوخ ضرور رکھیں مگر یہ اثر و رسوخ تصادم کی بجائے تعمیر کے لیے استعمال ہونا چاہیے۔ اگر وہ پارٹی قیادت کو مفاہمت اور مکالمے کی طرف مائل کریں۔

جعلی ڈگریاں، بار، بینچ اور وکلاء برادری کی عزت پر بدنما داغ

کسی ملک کے اعلیٰ انتظامی اور قانونی ادارے دراصل ریاست کے وقار، قابلیت اور انصاف کی علامت سمجھے جاتے ہیں۔ جب انہی اداروں میں ذمہ دار عہدوں پر فائز افراد کی تعلیمی اسناد پر سوالات اٹھنے لگیں، جعلی ڈگریوں کی باتیں منظرِ عام پر آئیں یا بغیر ٹھوس ثبوت کے ایک دوسرے پر سنگین الزامات عائد کیے جائیں تو نقصان صرف متعلقہ شخص کی ذات تک محدود نہیں رہتا بلکہ پورے ادارے کی ساکھ متاثر ہوتی ہے اور ملک کی عالمی سطح پر جگ ہنائی کا باعث بنتی ہے۔ وکیل اگر عدالت میں قانون کی تشریح اور شہریوں کے حقوق کا محافظ ہے، افسر اگر ریاستی نظام چلانے کا ذمہ دار ہے اور کسی اعلیٰ منصب پر فائز شخص میرٹ و اہلیت کی علامت سمجھا جاتا ہے تو اس کی سند اور کردار دونوں پر سوال ریاستی اعتماد کو براہِ راست متاثر کرتے ہیں۔

جعلی ڈگری یقیناً ایک سنگین جرم اور قومی بدنامی کا سبب ہے، لیکن کسی ایسے شخص پر جعلی ڈگری کا الزام عائد کرنا جس کے خلاف قابلِ اعتماد ثبوت موجود نہ ہوں، وہ بھی کم نقصان دہ نہیں۔ الزام اگر درست ثابت ہو تو تعلیمی نظام، پیشہ ورانہ میرٹ اور ریاستی اداروں کی نگرانی پر سوال اٹھتا ہے، اور اگر الزام بے بنیاد ثابت ہو تو الزام لگانے والے کی غیر ذمہ داری، سیاسی یا ذاتی مفاد اور کردار کشی کی روشنی میں پورا معاشرہ سوالات کی زد میں آتا ہے۔ یوں دونوں صورتوں میں نقصان صرف افراد کا نہیں، اداروں اور ملک کا ہوتا ہے۔

اسی لیے ڈگریوں کی حقیقت جانچنے کا راستہ سیاسی بیانات، انتخابی معرکوں، پریس کانفرنسوں یا ذاتی محاذ آرائی کے بجائے متعلقہ یونیورسٹیوں، بار کونسلز، ہائر ایجوکیشن کمیشن اور دیگر مجاز اداروں کے اصل ریکارڈ سے ہو۔ قانون کے محافظ اگر خود قانون اور ثبوت کے اصول کو نظر انداز کریں گے تو عام شہری کس سے انصاف کی امید رکھے گا؟ موجودہ تنازع اسی بنیادی سوال کو دوبارہ سامنے لاتا ہے کہ اعلیٰ اداروں میں جعلی اسناد کے خاتمے کے ساتھ ساتھ بے بنیاد الزام تراشی کا سدباب بھی اتنا ہی ضروری ہے، کیونکہ ریاست کی عزت صرف اہل لوگوں سے نہیں بلکہ سچ، ثبوت، قانون اور ذمہ دارانہ رویے سے قائم رہتی ہے۔

سپریم کورٹ بار انتخابات: احسن بھون اور کیپٹن (ر) صفدر تنازع، ڈگریوں کی تصدیق اور مسلم لیگ (ن) کی قیادت کے لیے لمحۂ فکریہ

سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے انتخابات کے تناظر میں سینئر وکیل رہنما محمد احسن بھون اور مسلم لیگ (ن) کے رہنما کیپٹن (ر) محمد صفدر کے درمیان پیدا ہونے والا تنازع اب محض بار سیاست تک محدود نہیں رہا بلکہ وکلا کی تعلیمی اسناد، پیشہ ورانہ انرولمنٹ اور ان کی تصدیق کے معاملے تک پہنچ چکا ہے۔

اس تنازع کا ایک اہم پہلو سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے صدارتی انتخاب میں امیدوار سید امجد علی شاہ کی امیدواری ہے۔ کیپٹن (ر) محمد صفدر نے امجد شاہ کی ڈگری سے متعلق سوالات اٹھاتے ہوئے ان کی امیدواری تبدیل کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ دوسری جانب امجد شاہ اور ان کی حمایت کرنے والے حلقوں کا مؤقف ہے کہ یہ الزامات ثابت شدہ حقائق نہیں اور ڈگری کی جانچ کے لیے متعلقہ قانونی و اداراہ جاتی فورم سے رجوع کیا جانا چاہیے۔ دستیاب رپورٹنگ کے مطابق امجد شاہ کی ڈگری سے متعلق سوالات ماضی میں بھی قانونی فورم پر اٹھائے جا چکے ہیں، تاہم موجودہ انتخابی تنازع میں ان الزامات کی حتمی حیثیت متعلقہ ریکارڈ اور مجاز فورم کے فیصلے سے ہی طے ہو سکتی ہے۔

